IRON MOUNTAIN®

# IRON MOUNTAIN
# سپلائر کا
# ضابطہ اخلاق

# مواد


/03 تعارف
/04 IRON MOUNTAINکی بنیادی اقدار
/04 اخلاقیات اور تعمیل کا عزم
/05 رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ
/05 کام کی جگہ پر اخلاقیات کی پاسداری اور انسدادِ غلامی
/06 صحت، حفاظت اور تحفظ
/06 انسدادِ امتیازی سلوک،تنوع کی پاسداری اور ملازمت کے یکساں مواقعے
/07 ماحولیات اور استحکام
/07 انسدادِ رشوت خوری اور انسدادِ بدعنوانی
/08 تحائف اور تفریح
/08 حکومت کو خدمات کی فراہمی
/09 مفادات کا ٹکراؤ
/09 بین الاقوامی پابندیاں اور تجارتی ضوابط
/09 اندرونی تجارت
/10 انسدادِاجارہ داری اور دیانتدارانہ مقابلہ بازی
/10 ذیلی کانٹریکٹرز کا استعمال
/10 برانڈ اور ساکھ
/11 تعمیل کی جانچ اور خلاف ورزیوں کے بارے میں اطلاع
/11 بدلہ نہ لینا
/11 کسی تیسرے فریق کے حقوق نہیں بنائے گئے

# تعارف

اعتماد۔ اس کو بنانا بہت مشکل اور توڑنا بالکل آسان ہے۔ لگ بھگ گزشتہ سات دہائیوں سے ہمارے صارفین، سپلائرز اور شراکتداروں کا ہم پر جو اعتماد ہے اس کا سبب ہماری اقدار اوران کی پاسداری ہے۔ ہماری اقدار ہمارے رویوں کے لیے مسلسل مہمیز کا کام کرتی ہیں اوران سے ہمارے سب سے اہم معیارات کی بھی نمائندگی ہوتی ہے۔

Iron Mountain سپلائرز کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور Iron Mountain کے بااعتماد خدمت فراہم کنندہ کے طور پر آپ ہماری اقدار اور ہمارےوعدوں کی پاسداری کے سلسلے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں: جوہمارے صارفین، ہمارے ملازمین ، ہمارے شراکتداروں اور وہ کمیونٹیز جہاں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں۔

Iron Mountain سپلائر کا ضابطہ اخلاق ( یہ ہمارے ضابط اخلاق اور اور کاروباری طریقہ کار کی تکمیل کرتا ہے)میں ہمارے ساتھ کاروبار کرنے کے مطلوبہ اصول، معیار اور طریقہ کار کو بیان کیا گیا ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ آپ اس ضابط اخلاق کی مکمل پاسداری کریں گے اور اخلاقی اصولوں اور قانون کے مطابق خدمت کی  فراہمی  کی تعمیل کے سلسلے میں اس کااستعمال کریں گے۔ یاد رکھیں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کو Iron Mountain کے ساتھ آپ کے معاہدے کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا۔جس کے نتیجے میں ہمارا کاروباری تعلق بھی ختم ہوسکتا ہے۔

ہمارے کاروباری تعلق کے دوران اگر کوئی ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہےکہ  جس سے ہماری اقدار اور ضابطہ اخلاق کے مطابق آپ کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمت پر کوئی اثر پڑتا ہے، تو ایسی صورت میں براہِ مہربانی Iron Mountain کے نمائندے یا ہمارے قانونی شعبہ کی رازداری اور تعمیل کی ٹیم سے اس ای میل پر رابطہ کریں compliance@ironmountain.com ۔

# IRON MOUNTAIN کی اقدار

## دیانتداری سے عمل

ہم شفاف اور دیانتدار ہیں اور ہمارا ہر دن اپنی شاندار اقدار کے مطابق گزرتا ہے۔

## تحفظ اور سلامتی کی ذمہ داری لیتے ہیں

ہم اپنے آپ کو اور ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے سے بچاتے ہیں، اور اپنے صارفین کے اثاثوں کی حفاظت اس طرح کرتے ہیں کہ گویا وہ ہمارے اپنے اثاثے ہوں۔

## صارف کی قدر میں اضافہ کرتے ہیں

ہم مستقل طور پر اپنے صارفین کی بہتر خدمت اور ان کے کاروبار میں بہتری لانے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

## ذمہ داری لیتے ہیں

ہم اپنی ٹیم، اپنے صارفین اور اپنی کمپنی کی کامیابی کی ذمہ داری ذاتی طور پر قبول کرتے ہیں۔

## شمولیت اور ٹیم ورک کو فروغ دیتے ہیں

بہتر نتائج کے حصول کے لیے ہم ایک دوسرے کے انوکھے خیالات اور تناظر کوتلاش کرتے ہیں اور قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

# اخلاقیات اور تعمیل کا عزم

ہم چاہے کسی بھی قسم کی خدمت فراہم کر رہے ہوں یا کہیں بھی فراہم کر رہے ہوں، Iron Mountain اپنا کام قابلِ اطلاق قوانین، اصولوں اور ضوابط کی سختی سے تعمیل کرتے ہوئے انجام دیتاہے تعمیل کی یقین دہانی کے لیے ، ہم اخلاقیات اور تعمیل کا ایک طاقتور پروگرام رکھتے ہیں، جس کی بنیاد ہماراضابطہ اخلاق اور کاروباری ضابطہ ہے۔ یہ ضابطہ ہمیں اخلاقی اور تعمیل کے رویہ کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرتا ہے اور یہ ہمیں مزید معاونت یا خلاف ورزیوں کے بارے میں مطلع کرنے کابھی ایک ذریعہ بھی ہے۔ ملازمت کی شرط کے طورپر، تمام ملازمین کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ ضابطہ اور کمپنی کی دیگر پالیسیوں کی توثیق کریں۔

ایک بااعتماد فراہم کنندہ کے طور پر ، ہم آپ کے لیے بھی یہ ضروری قرار دیتے ہیں کہ آپ بھی قانون اور ہماری بنیادی اقدار اور ہمارے ضابطہ اخلاق اور کاروباری ضابطہ کی سختی سے تعمیل کرتے ہوئے اپنا کام کریں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے، آپ جس نوعیت کی خدمت فراہم کر رہے ہیں (اور آپ کے معاہدے کی شرائط) اس کے مطابق، ہوسکتا ہے کہ آپ کے لیے ضروری قرار دیا جائے کہ آپ تعمیل کی تربیت میں شرکت کریں، Iron Mountain کی مخصوص پالیسیوں کی تصدیق کریں یا پھر حکومت کے ساتھ معاہدے کے حوالے سے کئی طرح کے قوانین اور ضوابط کی تعمیل کریں۔

Iron Mountain کو اپنی خدمت فراہم کرنے سے پہلے، براہِ مہربانی مندجہ ذیل پتہ پر موجود ہمارے ضابطہ اخلاق اور قانونی ضابطہ کو اچھی طرح سے پڑھ کر سمجھ لیں: www.ironmountain.com/code۔

# رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ

معلومات اور دیگر اثاثوں کو محفوظ طور پر تحفظ فراہم کرتے ہوئے Iron Mountain نے گزشتہ  سترسال کے دوران اپنے صارفین کا اعتماد حاصل کیا (اور اس کو بحال رکھا) ہے۔ ہمارے قانونی، معاہدی اور دیگر لازمی پابندیوں (مثلاً صنعتی معیارات یا پھر اسناد)کے مطابق یا پھر ان سے بھی بڑھ کر Iron Mountain رازداری، حفاظت اور ڈیٹاکو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

جب آپ ہماری جانب سے معلومات یا اثاثہ جات کی دیکھ بھال کرتے ہیں ،تو چاہے وہ معلومات  یا اثاثے ہمارے ملازمین کی ہوں یا ہمارے صارفین کے ، آپ کے لیے یہ لازمی ہے کہ آپ ان کو محفوظ اور صیغۂ راز میں رکھیں اور اس کو صرف ان مقاصد کے لیے استعمال کریں جن کی آپ کو اجازت ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ تحفظ کی ان سطحوں کا اطلاق کریں جوآپ پرلاگو ہونے والےقانون، معاہدہ اور دیگر لازمی پابندیوں میں سے کسی طور بھی کم نہ ہوں۔

اس عزم کے حصے کے طورپرآپ کے لیے یہ لازمی ہوسکتا ہے کہ آپ ڈیٹایا جن دیگراثاثہ جات کی دیکھ بھال کر رہے ہیں ،ان کے حوالے سے رازداری اور حفاظت پر مؤثر طبعی، تکنیکی اور انتظامی رابطہ برقرار رکھیں (اور اس کا مظاہرہ کریں)۔ آپ جس نوعیت کی خدمت فراہم کر رہے ہیں یا ہماری جانب سےمعلومات یاجن  اثاثہ جات کی دیکھ بھال کر رہے ہیں ،ان کے مطابق، ہوسکتا ہے کہ آپ کے لیے ضروری قرار دیا جائے کہ آپ Iron Mountain کے تھرڈ پارٹی رسک اسیسمنٹ (تیسرے فریق کے خطرے کی تشخیص) یاوینڈر پرائیویسی اسیسمینٹ (فروخت کنندہ کی رازداری کی تشخیص) کے عمل سے گزارے جائیں،جس سے ہمیں مناسب اضافی تحفظ کی یقین دہانی حاصل ہوگی۔

# کام کی جگہ پر اخلاقیات کی پاسداری اور انسدادِ غلامی

Iron Mountain نے کام کی جگہ پر اپنی اقدار اور ضابطہ اخلاق اور کاروباری ضابطہ کے اطلاق کا عزم کر رکھا ہے۔ لہٰذا اپنے ملازمین کے حالاتِ کار کو بہتر بنانے اور محنت اور ادارتی حقوق، اجرتوں اور منہائیوں، اور کام کے اوقات (بشمول رضاکارانہ اووَر ٹائم) میں بہتری لانے کے لیے ہم مسلسل کام کرتے ہیں۔ Iron Mountain کے سپلائرز کے طور پر ہم آپ سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں کہ آپ بھی اسی عزم کا مظاہرہ کریں گے اور ان تمام حقوق کی پاسداری کریں گے۔

Iron Mountain کے سپلائرزچاہے کسی بھی قسم کی اور کہیں سے بھی خدمت فراہم کر رہے ہوں ، ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ملازمت کے طریقہ کار اور کام کی جگہ کی صورتحال پر لاگو ہونے والی تمام قانونی اور دیگر لازمی قوانین کی پاسداری کریں۔ سپلائرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس بات کی یقین دہانی کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں کہ ان کے تمام کارکنان کی عمریں ملازمت کے لیے درکار کم از کم قانونی عمر کے مطابق ہوں اور یہ کہ وہ  اپنی مرضی سے  خدمت فراہم کررہے ہوں، یعنی اس میں کہیں بھی غلامی یا بیگار کا کام شامل  نہ ہو، نہ ہی اس میں جبری مشقت یا انسانی سمگلنگ شامل ہو۔ ان کو لازمی طورپر اجرت مناسب انداز میں دی جائے اور یہ کہ وہ محفوظ اور صحتمندانہ صورتحال میں کام کریں۔

ہم آپ کے لیے اور آپ کو مصنوعات یا خدمات فراہم کرنے والے کسی بھی دوسرے  کے لیے یہ لازمی قرار دیتے ہیں کہ وہ انسدادِ غلامی اور انسانی سمگلنگ کے حوالے سے موجودتمام  قانونی ضوابط کی تعمیل کریں۔(مثلاً یو۔کے ۔ماڈرن سلیوری ایکٹ (U.K. Modern Slavery Act))۔ ہم آپ کے لیے یہ بھی لازمی قرار دیتے ہیں کہ آپ اپنی کمپنی کے اندر اور اپنی سپلائی چین میں جدید غلامی کی روک تھام کے لیے مناسب ضوابط اور طریقہ کارکا اطلاق کریں اور یہ کہ اگر آپ نے کوئی قدم نہیں اٹھایا تو ایسی صورت میں Iron Mountain بھی اپنی ذمہ داریوں کے اطلاق سے خود کو بری الذمہ سمجھے گا۔

# صحت، حفاظت اور تحفظ

Iron Mountain نے اپنے ملازمین کو صحت، حفاظت اور تحفظ کی فراہمی کا انتہائی سنجیدگی سے عزم کر رکھاہے۔ درحقیقت، **اپنا تحفظ اور حفاظت** کمپنی کے اقدار میں سے ہی ہیں۔ چونکہ سپلائرز اکثراوقات براہِ راست Iron Mountain کے ملازمین (یا ہمارے صارفین) کےساتھ مل کر کام کرتے ہیں ، لہٰذا آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنے ملازمین کے حالات و کوائف کی تصدیق کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں۔ اس طرح کے اقدامات میں اسناد کی تصدیق، مجرمانہ ماضی کی جانچ، ڈرائیونگ کے ریکارڈ کی تشخیص، صحت کی کیفیت کی جانچ یا پھر کام کرنے کی اہلیت کی تصدیق کرنا شامل ہوسکتاہے۔

Iron Mountain کے سہولتی مرکز پر خدمات فراہم کرتے ہوئے ، بعض اضافی قواعد کا اطلاق بھی ہوسکتاہے، مثلاً کام کرنے یا کوئی ذمہ داری ادا کرنے سے پہلے کام میں موجود خطرے کی تشخیص، شناختی نشان دکھانادرجہ حرارت کی جانچ کرنا یا ذاتی حفاظتی سامان پہننا۔ آپ کو فیسلیٹز میں آتے یا جاتے ہوئے دستخط کرنے پڑسکتے ہیں یا Iron Mountain کا ایک ملازم آپ کے ساتھ رہے گا۔ تمام صورتوں میں ،سپلائرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ کسی بھی ایسے طرز عمل سے پرہیز کریں کہ جس کو خطرناک، پرخطر یا حراساں کرنے والاسمجھا جائے اور خدمت لازمی طور پر اس طرح انجام دی جائے کہ جو صحت اور تحفظ کے قابلِ اطلاق قوانین اور اصول وضوابط کے مطابق ہو۔ Iron Mountain کی خواہش ہے کہ سپلائرز نظم وضبط کا واضح طریقہ کار اس طرح مرتبہ کریں کہ اس کاطلاق تمام افرادی قوت پر یکساں طور پر ہو۔

# انسدادِ امتیازی سلوک،تنوع کی پاسداری اور ملازمت کے یکساں مواقعے

Iron Mountain کا ماننا ہے کہ شمولیت اور تنوع کے ہمارے مضبوط عزم سے ہی ہم ایک بہتر اور مضبوط کمپنی بنتے ہیں۔ اس سے ہمیں اپنے صارفین کی وسیع تر ضروریات کو پورا کرنے اور کام کے مقام پر کامیابی حاصل کرنے میں براہِ راست مدد ملتی ہے۔ اس کے حصول میں معاونت کے لیے، ہم ملازمت کے فیصلے سختی سے ایک فرد کے کام کرنے کی صلاحیت کی بنیاد پر کرتے ہیں اور دیگر عوامل مثلاً نسل، مذہب، قومیت، عمر، جنس، جنسی روش، معذوری یا دیگر ایسے خواص جن کا کسی فردکی انفرادی مہارت یا اہلیت سے کسی تعلق کی بنیاد پر ملازمت کے فیصلے نہیں کئے جاتے۔

Iron Mountain سپلائرز کے لیے بھی لازمی قرار دیتا ہے کہ وہ بھی اسی طرح کے عزم کا مظاہرہ کریں: ہمیشہ انسدادِ امتیازی سلوک کے قوانین کی تعمیل کریں، اورکام کی جگہ پر شمولیت اور تنوع کو فروغ دینے اور امتیازی سلوک کے خاتمے کے اہداف کے لیے ٹھوس اقدامات کریں ۔ ان اصولوں کی جانب ہمارے عزم کے اظہار کے طورپر، انتخاب کے عمل کے دوران سپلائر کی افرادی قوت میں موجود تنوع کو Iron Mountain کی جانب سے ایک مثبت عمل تصور کیا جائے گا۔

# ماحولیات
# اور استحکام

Iron Mountain نے عزم کررکھا ہے کہ وہ اپنا کام استحکام اور ماحولیاتی طور پر ذمہ دارنہ طرزعمل سے انجام دے گی۔ چونکہ ہمارے پاس گاڑیوں کا ایک بہت بڑا بیڑا ہے اور ڈیٹا سینٹرز سمیت ہمارے پاس زمینوں کی ملکیت بھی بڑے وسیع پیمانے پر پھیلی ہوئی ہے ، لہٰذا ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے کاروباری فیصلوں اور اندرونی طورپر کام کرنے کے طریقہ کار کا ہماری کمیونٹیز اور ماحول پر براہِ راست اثر پڑتا ہے۔ لہٰذا، ہم قابلِ اطلاق ماحولیاتی قوانین کی مکمل تعمیل کرتے ہیں اور اپنے کام کرنے کے طریقہ کار میں استحکام کو بڑھانے کے لیے مسلسل کام کرتے ہیں۔
Iron Mountain صرف ان سپلائرز کے ساتھ ہی کام کرتا ہے جو قابلِ اطلاق ماحولیاتی قوانین کی تعمیل کرتے ہیں، اور ہم ایسےسپلائرز کے انتخاب کو ترجیح دیتے ہیں جو ہماری سالانہ کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی رپورٹ میں موجود ہمارے کاروباری طریقہ کار کے مطابق ہی کام کرتے ہیں۔

# انسدادِ رشوت اور
# انسدادِ بدعنوانی

ایک ایسی کمپنی کے طور پر کہ جو دنیا بھر میں موجود کئی ممالک میں کام کرتی ہے، Iron Mountain نے قابلِ اطلاق انسدادِ رشوت خوری اور انسدادِ بدعنوانی کے قوانین کی تعمیل کا مکمل طورپر عزم کرکھاہے، مثلاًریاستہائے متحدہ امریکہ کا فارین کرپشن پریکٹس ایکٹ (U.S. Foreign Corrupt Practices Act) اور برطانیہ کا برائبری ایکٹ (U.K. Bribery Act)۔ ان قوانین میں عمومی طورپرنامناسب طریقے سے کاروبار کے حصول، مفادات کے تحفظ یا فیصلوں پر اثرانداز ہونے کے لیے سرکاری اہلکاروں یا نجی فریقین کو کسی قیمتی چیز کی فراہمی، فراہم کرنے کی پیشکش، یا پھر دوسروں کو فراہمی کی اجازت دینے کی ممانعت کی گئی ہے۔

ہم اپنے اس عزم کو بہت زیادہ سنجیدگی سے لیتے ہیں اور ہمیں اپنے سپلائرز سے بھی اسی طرح کا عزم مطلوب ہوتا ہے۔ Iron Mountain کے سپلائرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ ان قوانین (اور ان سے متعلقہ قوانین) کی سختی سے تعمیل کریں، بشمول مالیاتی رپورٹنگ، بُک کیپنگ، ریکارڈ کا حصول اور رسیدیں اور اخراجات کی درست رپورٹوں کا جمع کروانا۔

Iron Mountain کاروبار اپنی مصنوعات اور خدمات کی اہلیت کی بنیاد پر ہی حاصل کرتا ہے ، رشوت، نامناسب تحائف اور تفریح یا پھر امدادی رقوم کی فراہمی سے نہیں۔ تاہم عام طورپر یہ بھی درست ہے کہ حکومتی اہلکاروں، حکومت کی جانب سے چلائے جانے والے کاروبار یا پھر ان سے منسلک افراد کے ساتھ اضافی ذمہ داریاں بھی عائد ہوسکتی ہیں۔

# تحائف اور تفریح

تحائف، تفریح یا دیگر قیمتی چیزیں پیش کرنے والے سپلائرز کے ساتھ Iron Mountain کی جانب سے کبھی بھی کوئی ترجیحی سلوک نہیں کیا جائےگا۔ ہمارے کاروباری فیصلوں پر اثرانداز ہونے یا دیگر سپلائرز کے مقابلے میں برتری حاصل کرنے کے لیے سپلائرز Iron Mountain کو تحائف پیش نہیں کرسکتے۔ حتیٰ کہ جہاں قانون اور پالیسی کے تحت تحائف کی اجازت ہوتی ہے ، وہاں بھی سپلائرز کے لیے بہت ضروری ہے کہ وہ احتیاط اور دانشمندی سے کام لیں ،کیوں کہ کاروبار کی "معمول" کی شائستگیوں میں بھی پریشان کن صورتحال پیدا ہونے کاامکان ہوتا ہے یا اس میں ملوث افراد کے لیے کسی قسم کا خطرہ بھی پیدا ہوسکتاہے۔

سپلائرز کو چاہیئے کہ وہ Iron Mountain کی تحائف، میزبانی اور خیراتی امداد کی پالیسی کو پڑھیں اور سمجھیں اوراس پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے تحائف کو پیش کرنے اور قبول کرنے سےگریز کریں

# حکومت کو خدمات کی فراہمی

دنیا بھرکی حکومتیں اپنی اہم معلومات اور بے بدل اثاثہ جات کی حفاظت کے لیے Iron Mountain پر اعتماد کرتی ہیں۔ ہم اپنے تمام صارفین کے ساتھ دیانتداری کا مظاہرہ کرتے ہیں، تاہم کسی حکومت کو خدمت کی فراہمی سے اضافی ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں اور ایک بااعتماد سپلائر کے طورپر یہ ذمہ داریاں آپ پر بھی عائد ہوسکتی ہیں۔

وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومتوں کو Iron Mountain کی جانب سے خدمات فراہم کرتے ہوئے اس بات کا امکان موجود ہے کہ آپ کو اجرتوں، کام کے اوقات، حالاتِ کار، قیمت تحائف دینے ، لابنگ کرنے، مفادات کے ٹکراؤ یا پھر معلومات کی مناسب دیکھ بھال کےسلسلے میں مخصوص شرائط پوری کرنی پڑیں۔ ہوسکتاہے کہ کام کرنے کی کچھ انوکھی ضروریات یا پابندیاں ہوں کہ جہاں خدمات کی فراہمی کے لیے مخصوص افراد ہی اہل ہوں (یا جن کو اجازت دی گئی ہو)۔

حکومت کو خدمات کی فراہمی کے دوران مطلوبہ تعمیل کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا آپ کی ذمہ داری ہے ، چاہے یہ قانونی طورپر براہِ راست آپ پر لاگو ہوتی ہو یا Iron Mountain کے ساتھ آپ کے معاہدے کے ذریعے۔

# مفادات کا ٹکراؤ

جب آپ کے دیانتدارانہ اور انصاف پر مبنی کاروباری فیصلوں یا Iron Mountain کومصنوعات یا خدمات کی فراہمی میں دوستی، خاندانی رشتہ داری، مالی مفاد ات یا دوسرے اس قسم کے حالات رخنہ ڈالیں (یا امکانی طورپر رخنہ ڈال سکتے ہوں)، مفادات کا ٹکراؤ رہے گا۔ سپلائرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ کاروباری تعلق بنانے سے پہلے یا بعد میں کسی وقت کسی نئے تنازع کے پیدا ہوتے وقت Iron Mountain کو اس طرح کےخدشات (یا ممکنہ خدشات) کے بارے میں لازمی طور پرآگاہی فراہم کریں

# بین الاقوامی پابندیاں اور تجارتی ضوابط

ہم ایسے کئی ممالک میں کام کرتے ہیں جو حساس نوعیت کے آلات اور ڈیٹا (مثلاًکمپیوٹرہارڈویئر اور انکرپشن ٹیکنالاجی) کی درآمد اور برآمد پرضابطہ رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ مخصوص نامزد کردہ گروہوں، افراد یا ممالک کے ساتھ کاروبار کرنے پر بھی عالمی پابندیاں عائد ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر ہماری کاروباری صلاحیت کو برقرار رکھنے کے لیے بین الاقوامی پابندیوں اور تجارتی ضوابط پر سختی سے عمل کرنا بہت ضروری ہے اور یہ **ہماری حفاظت اور تحفظ** کی قدر کے مطابق بھی بہت اہم ہے۔ لہٰذا، ہم حکومت کی جانب سے پابندی عائد کردہ فہرست میں شامل سپلائرز کے ساتھ کام نہیں کرسکتے۔ اگرآپ کو اس بارے میں علم ہے کہ آپ بھی اس طرح کی کسی فہرست میں شامل ہیں ، تواپنی مصنوعات اور خدمات کی فراہمی سے پہلے براہِ مہربانی اس بارے میں ہمارے Iron Mountain کے نمائندے کو ضروری مطلع کریں۔ ان اہم انضباطی پابندیوں کا اطلاق اگر آپ پر ہورہاہے، تو ان کا اطلاق آپ کے سپلائرز پر بھی ہوگا اور ہمارے لیے ضروری ہے کہ آپ ان کو سمجھیں اور ذمہ داریوں کے مطابق عمل کریں اور مناسب انداز میں ان کو آگے بتادیں۔

# اندرونی تجارت

Iron Mountain عوامی طورپر ٹریڈیڈ کمپنی ہے جس پر اس کے شراکت داروں اور حکومت کے ریگیولیٹرز کی جانب سے کئی طرح کی قانونی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ ایک سپلائر کے طور پر آپ کی تحویل میں اس طرح کی معلومات بھی دی جاسکتی ہے کہ جو تاحال عام لوگوں سے مخفی رکھی گئی ہو (اور شاید ہمیشہ مخفی رہے) اس طرح کی معلومات ہمارے اسٹاک کی قیمت کو یا دیگر کمپنیوں کی قدری ساکھ کو متاثر کرسکتی ہے۔ ہمارے اخلاقی معیارات (اور قانون) آپ کو اس طرح کی معلومات کے مطابق کوئی قدم اٹھانے سے سختی سے منع کرتے ہیں۔ اس کا اطلاق نہ صرف یہ کہ براہِ راست آپ اور آپ کے ملازمین پر ہوتا ہے، بلکہ اس کا اطلاق رشتہ داروں، دوستوں اور دیگر ایسے افراد پر بھی ہوتا ہے جو اس معلومات کی بنیاد پر سرمایہ کاری کے فیصلے کرسکتے ہوں۔ اگر آپ کو اس طرح کی کسی معلومات تک رسائی حاصل ہے تو آپ سے یہی توقع کی جاتی ہے کہ آپ اس کو خفیہ ہی رکھیں گے اور اس کو انتہائی احتیاط سے برتیں گے۔

# انسدادِاجارہ داری اور دیانتدارانہ مقابلہ بازی

Iron Mountain نے منڈی میں دیانتداری سے مقابلہ کرنےاور انسدادِاجارہ داری اور دیانتدارانہ مقابلہ بازی کے تمام قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کا عزم کررکھاہے۔ ہم شعوری طورپر ایسی صورتحال سے احتراز کرتے ہیں کہ جس میں غیر موزونیت یا دھوکہ دہی پائی جاتی ہو۔

Iron Mountain کو خدمات کی فراہمی کے دوران ہم آپ کے لیے بھی لازمی قرار دیتے ہیں کہ آپ بھی ان قانونی اور اخلاقی معیاروں کی پابندی کریں، اور خاص طور پر مقابلہ بازی کے بارے میں حساس معلومات مثلاً صارفین کی فہرست یا قیمتوں کے تعین یا رعایت وغیرہ کے بارے میں معلومات جمع کرنے اور دوسروں کو فراہم کرنے سے پرہیز کریں۔

# ذیلی کانٹریکٹرز کا استعمال

Iron Mountain اس بات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے کہ آج کل کے کاروباری ماحول میں ، سپلائرز بعض اسباب کے باعث اپنی خدمات کی فراہمی کے بعض پہلوؤں کو ذیلی کانٹریکٹ کرتے ہیں۔ Iron Mountain کا سپلائر بنتے ہوئے آپ بھی لازمی طورپر سخت مقابلہ بازی کے عمل سے گزرے ہوں گے، جس میں آپ کے کاروبارکے بارےمیں اچھی طرح چھان بین کا عمل بھی شامل رہا ہوگا۔ لہٰذا، ذیلی کانٹریکٹرز کو ذمہ داریاں سونپنے سے پہلے ، آپ سے بھی یہی توقع کی جاتی ہے (اور شاید قانون یا معاہدے کے مطابق آپ پر لازمی ہو) کہ آپ ان پر بھی چھان بین کا عمل اسی طرح کریں اور ان پر بھی تمام مناسب قانونی اور معاہدے کی ذمہ داریاں عائد کریں(بشمول حکومت کو خدمات کی فراہمی کے وقت عدم انکشاف اور رازداری کی شرائط یا قانونی شرائط کا اطلاق) آپ نے اپنے ذیلی کانٹریکٹرز کو جوذمہ داریاں سونپی ہیں ان کی نگرانی اور تعمیلی آپ کی ذمہ داری ہوگی۔

اس کے علاوہ اپنے معاہدے کا بھی جائزہ لے لیں اور یہ دیکھ لیں کہ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ آپ کے لیے Iron Mountain کو نوٹس دینا یا ذیلی کانٹریکٹ پر دینے سے پہلے ہماری رضامندی حاصل کرنا ضروری ہو۔

# برانڈ اور ساکھ

Iron Mountain کے سپلائرز کے طور پر آپ کا طرز عمل اور کاروباری طریقہ کار براہِ راست ہمارے ایک انتہائی اہم اثاثے پر اثرانداز ہوسکتے ہیں: اس کی اہمیت اس صورت میں اور بھی بڑھ جاتی ہے جب آپ براہِ راست ہمارے صارفین یا عام لوگوں کے ساتھ کام کررہے ہوں۔ اس لیےیہ ضروری ہے کہ آپ اپنے کام کرنے کا طریقہ کارہمیشہ ذمہ دارانہ اور اخلاقی طرزعمل کے مطابق اس طرح رکھیں کہ جو ہماری اقدار ضابطہ اخلاق اور کاروباری ضابطہ کے موافق ہو۔

جب تک آپ کو صراحتاً اس کی اجازت نہ دی جائے ، آپ ہمارے کاروباری تعلق کے بارے میں نہ توکوئی حوالہ دے سکتے ہیں اور نہ Iron Mountain کی نمائندگی کرنے والا کوئی بیان (کسی بھی میڈیم میں) دے سکتے ہیں۔ پریس کی تمام تر پوچھ گچھ کرنے والوں کو Iron Mountain کے نمائندے کی جانب بھیجا جائے۔

# تعمیل کی جانچ اور خلاف ورزیوں کے بارے میں اطلاع

Iron Mountain کے سپلائر کے طور پر ، آپ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ ضابطہ میں موجود قانونی شرائط کی تعمیل کریں اورآپ کے معاہدے میں امکانی طورپر موجود جانچ پڑتال کی شرائط کے تحت، Iron Mountain اپنے پاس یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ تعمیل کی تصدیق کرے۔ یقین دہانیوں کی فراہمی میں معاونت کے لیے ، ہم آپ سے اس ضابطہ کی قانونی شرائط کے حوالے سے سوالات بھی کرسکتے ہیں اور تعمیل کے ثبوت کے طورپر آپ سے دستاویزات یا پھر دیگر شواہد بھی طلب کرسکتے ہیں۔

آپ پر یہ ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے کہ آپ اس ضابطے،قانون یا Iron Mountain کے ساتھ آپ کے کاروبار کے دیگر پہلوؤں کے بارے کی مبینہ یا حقیقی خلاف ورزیوں کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں۔ تمام اطلاعات کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جاتا ہے اور ان کی مکمل چھان بین کی جاتی ہے۔ آپ کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی قسم کی معلومات کو پوری احتیاط سے برتا جاتا ہے اور ممکنہ حد تک اس کو رازداری میں رکھا جائے گا۔

ہماری خواہش ہے کہ خلاف ورزیوں کے بارے میں آپ Iron Mountain کے نمائندے کو مطلع کریں۔ جب اس طرح کرنا ممکن یا مناسب نہ ہوتو،گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس کی ٹیم سے  اس ای میل یا پھر  Iron Mountain کی ایتھکس لائن پر رابطہ کریں۔ دی ایتھکس لائن کو ایک آزاد کمپنی کی جانب سے چلایا جارہاہے اور (جہاں قانونی اجازت ہو) آپ مکمل طورپر گمنام رہ سکتے ہیں۔ آن لائن اطلاع دینے یا پھر بین الاقوامی فون نمبروں تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ، براہِ مہربانی www.IMEthicsLine. Com وزٹ کریں۔ خلاف ورزیوں کے بارے میں اطلاع فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں ہمارا کاروباری تعلق ختم ہوسکتا ہے۔ خلاف ورزیوں کے بارے میں اطلاع فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں ہمارا کاروباری تعلق ختم ہوسکتا ہے۔

# انتقام نہ لینا

اچھی نیت سے قانونی یا اخلاقیات کی خلاف ورزیوں کے بارے میں اطلاعات کے حوالے سے Iron Mountain میں انتقام نہ لئے جانے کی سخت پالیسی ہے۔ کسی ملازم یا مینجر نےاگر خلاف ورزی کی اطلاع دینے  والے کسی ملازم یا سپلائر کے خلاف انتقامی  کاروائی کی، انتقام لینے کی کوشش کی یا پھر دوسروں کو انتقام لینے پر اکسایا تو  اس کے خلاف سخت انضباطی کاروائی کی جائے گی ،جس میں ملازمت کا ختم ہوجانابھی شامل ہے۔ اگر ہمیں علم ہوا کہ آپ نے اپنے کسی ملازم کے خلاف اس لیے بدلے کی کاروائی کی ہے کیوں کہ اس نے خلاف ورزی کے بارے میں مطلع کیا ہے، توIron Mountain ایسے سپلائر سے اپنا کاروباری تعلق ختم کردے گی۔

# کسی تیسرے فریق کے حقوق نہیں بنائے گئے

Iron Mountain کا سپلائرز کا ضابطہ اخلاق تیسرے فریق (یا ان سے مستفید ہونے والوں) پر نئے یا اضافی قسم کے حقوق نہیں ڈالتا ۔ اس میں سپلائر کے ملازمین کا حق بھی شامل ہے کہ جس میں وہ ضابطہ میں شامل کسی بھی قانونی شرط کا Iron Mountain سے اطلاق کرواسکتے ہیں۔

یہ ضابطہ Iron Mountain اور سپلائر کے درمیان ہونے والے معاہدے میں موجود حقوق اور ذمہ داریوں کی تکمیل کرتا ہے تاہم ان کی جگہ نہیں لیتا۔

IRON
MOUNTAIN®

800.899.IRON | IRONMOUNTAIN.COM

**IRON MOUNTAIN کے بارے میں**

Iron Mountain کو ایک ادارے کی حیثیت سے تشکیل دیا گیا (NYSE: IRM) : اس کی بنیاد 1951 میں رکھی گئی،معلومات کو حفاظت سے رکھنے اور اس کی دیکھ بھال کرنے میں اس کو ایک عالمی لیڈر کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کودنیا بھر میں 220,000 سے زیادہ اداروں کا اعتماد حاصل اور 50 کے قریب ممالک میں 85 ملین مربع فٹ کی زمین پر پھیلی ہوئی 1,400 فیسلٹیز میں Iron Mountain کھربوں معلومات کے اثاثے رکھتا اور ان کی حفاظت کرتاہے، جس میں اہم کاروباری معلومات ، انتہائی حساس نوعیت کا ڈیٹا ، ثقافتی اور تاریخی نوادرات بھی شامل ہیں۔ محفوظ ذخیرہ کاری، معلومات کی دیکھ بھال،ڈجیٹل تبدیلی، محفوظ انداز میں تلف کرنے کے علاوہ ڈیٹا سینٹرز، آرٹ کی ذخیرہ کاری اور نقل وحرکت اور کلاؤڈ سروسز کے ساتھ Iron Mountain اداروں کی لاگت اور خطرات میں کمی لانے، قوانین کی پاسداری، نقصان سے بحالی اور زیادہ ڈجیٹل انداز میں کام کرنے میں مدد کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے www.ironmountain.com وزٹ کریں۔

انکارپوریٹڈ © 2021 Iron Mountain جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ Iron Mountain اور ماؤنٹین کا ڈزائن ریاستہائے متحدہ امریکہ اور دیگر ممالک میں انکارپوریٹڈ Iron Mountain کے رجسٹرشدہ ٹریڈمارک ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر تمام ٹریڈمارک اور رجسٹرشدہ ٹریڈ مارک ان کے اپنے مالکین کی ملکیت ہیں۔

USLGL-WP-122120A